باب 9

4618CH09

# اعداد وشمار کا استعمال

# (Data Handling)

## 9.1 تعارف (Introduction)

آپ نے اپنے استاد کو اپنی کلاس میں روزانہ طلبا کی حاضری لیتے ہوئے یا پھر ہر جانچ یا امتحان کے بعد آپ کے نمبروں کو ریکارڈ رجسٹر میں درج کرتے ہوئے تو ضرور دیکھا ہوگا۔اسی طرح آپ نے کرکٹ کے اسکور بورڈ تو دیکھیں ہوں گے۔یہاں دو اسکور بورڈ دکھائے گئے ہیں :

| گیند باز کا نام | اُوور | میڈن اُوور | دیے گئے رن | لیے گئے وکٹ |
|---|---|---|---|---|
| A | 10 | 2 | 40 | 3 |
| B | 10 | 1 | 30 | 2 |
| C | 10 | 2 | 20 | 1 |
| D | 10 | 1 | 50 | 4 |

| بلے باز کا نام | رن | کھیلی گئی گیندیں | وقت (منٹ میں) |
|---|---|---|---|
| E | 45 | 62 | 75 |
| F | 55 | 70 | 81 |
| G | 37 | 53 | 67 |
| H | 22 | 41 | 55 |

ریکارڈ میں صرف کھیل کی ہار جیت کی جانکاری کا انداز ہی نہیں ہوتا بلکہ اسکور بورڈ میں کھیل کے بارے میں برابر کی اہمیت کی حامل اور بھی بہت سی کارآمد جانکاریاں ہوتی ہیں۔مثلاً آپ یہ بھی معلوم کرسکتے ہیں کہ سب سے زیادہ رن بنانے والے کھلاڑی نے کتنا وقت لیا اور کتنی گیندوں کا سامنا کیا۔

© NCERT not to be republished